26-04-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ کا چیلنج قبول کرتے ہوئے کہا کہ پندرہ اگست تک کسانوں کے دولاکھ روپئے تک کے قرض معاف کیے جائیں گے۔

☆ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس کے رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے مشہور ہیں اور ان کا استعفیٰ اسپیکر کو پیش کرنے کے فارمیٹ میں نہیں ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے الکٹرانک ووٹنگ مشین کے ڈاٹا کو وی وی پیاڈ ریکارڈ سے صد فیصد جانچنے کی درخواستوں کو مسترد کر دیا۔

☆ حیدرآباد پولیس کمشنر کے سرینوس ریڈی نے کہا کہ فون ٹیاپنگ کیس کی تحقیقات جاری ہے۔انہوں نے اس کیس کے اہم ملزم وریٹائیرڈ آئی پی ایس آفیسر اور سابق ایس آئی بی چیف ٹی پربھاکر راؤ کو ریڈ کارنر نوٹس جاری کرنے کی تردید کی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس کے رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے مشہور ہیں اور انہوں نے گن پارک پر جو استعفے کا مکتوب دکھایا ہے وہ اسپیکر کو پیش کرنے کے فورمنٹ میں نہیں ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ یہ ایک دھوکہ دہی کا عمل ہے۔ حیدرآباد میں اپنی رہائش گاہ پر میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے ہریش راؤ استعفیٰ کے دینے کے چیلنج پر اپنا ردعمل ظاہر کیا۔انہوں نے کہا کہ اگر ہریش راؤ سنجیدہ ہیں تو وہ فوری طور پر اسپیکر کو اپنا استعفیٰ سونپ دیں۔اس سے قبل بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے یادگار شہیداں پر میڈیا نمائندوں کے سامنے اپنے استعفیٰ کا مکتوب دکھایا تھا۔ ہریش راؤ نے کہا کہ اگر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے وعدہ کے مطابق پندرہ اگست تک کسانوں کے قرض معاف نہیں کئے جاتے ہیں تو ان کا استعفیٰ قبول کر لیا جانا چاہئے۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ وہ استعفیٰ منظور ہونے کے بعد ضمنی انتخابات میں بھی حصہ نہیں لیں گے۔ سابق وزیر خزانہ نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ریاست کی فلاح اپنے کسی عہدہ سے زیادہ اہم ہے۔اسی دوران محبوب نگر کے رکن اسمبلی وائی سرینواس ریڈی نے الزام لگایا کہ سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے خاندان نے تلنگانہ کو لوٹا ہے اور وہ کے سی آر خاندان کی سال 2009 سے پہلے کی مالی حالت سے اچھی طرح واقف ہیں کیوں کہ انہوں نے تلنگانہ تحریک کے دوران ان کے ساتھ مہم میں حصہ لیا تھا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق وزیر ٹی ہریش راؤ کے استعفے کے چیلنج پر اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ استعفے کا مکتوب صراحت کردہ فارمنٹ میں نہیں ہے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پندرہ اگست تک کسانوں کے دولاکھ روپئے تک کے قرض معاف کرنے کے اپنے عہد کے پابند ہیں۔تاہم اس میں انہوں نے چھ ضمانتوں کے تعلق سے کچھ نہیں کہا۔ واضح رہے کہ ہریش راؤ نے ریونت ریڈی کو چیلنج دیا تھا کہ وہ آج صبح ریاستی اسمبلی کے سامنے واقع یادگار شہیداں پر آکر اپنے استعفیٰ کا مکتوب حوالے کرے۔ ہریش راؤ اپنے چیلنج کے مطابق اس مقام پر پہنچ گئے تاہم وزیراعلیٰ نہیں آئے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کانگریس کی سوشیل میڈیا ٹیم کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ہریش راؤ کا چیلنج منظور ہے اور وہ پندرہ اگست سے پہلے کسانوں کے دولاکھ روپئے تک کے قرض معاف کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسانوں کے قرض معاف کرنے سے ریاست پر تیس سے چالیس ہزار کروڑ روپئے کا مالی بوجھ عائد ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ناگرکرنول لوک سبھا حلقہ سے سابق ایم پی ایم جگناتھ کا پرچہ نامزدگی مسترد کردیا گیا ہے۔ پرچہ نامزدگی کی جانچ کرنے والے الیکشن کمیشن کے عہدیداروں نے آج جگناتھ کا پرچہ مسترد کردیا۔ واضح رہے کہ جگناتھ نے کانگریس پارٹی چھوڑ کر حال ہی میں بھوجن سماج پارٹی میں شمولیت اختیار کی تھی۔انہوں نے ناگرکرنول لوک سبھا حلقہ سے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا تھا۔

حیدرآباد پولیس نے اسمارٹ فونس کی اسمگلنگ اوراس کے چھیننے والی گیانگ کا پردہ فاش کرتے ہوئے پانچ غیرملکیوں سمیت سترہ ملزمین کوگرفتار کیا ہے۔ پانچوں غیرملکیوں کاتعلق سوڈان سے ہے۔ پولیس نے ملزمین کے قبضہ سے 1.7 کروڑ روپئے مالیت کی جائیداداور 703اسمارٹ فونس اورایک بجاج پلسر موٹر سائیکل ضبط کی ہے۔ پولیس کمشنر سرینواس ریڈی نے کہا کہ حالیہ دنوں شہر میں موبائیل فون چھیننے کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان واقعات کی روک تھام کیلئے جامع جانچ کی گئی اور پولیس نے بڑے نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا ہے۔اس نیٹ ورک میں سیل فون چھیننے والے، چوری کا مال خریدنے والے اورانہیں بیرون ملک فروخت کرنے والے سبھی شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے الکٹرانک ووٹنگ مشین کے ڈاٹا کووی وی پیاڈ ریکارڈ سے صدفیصد جانچنے کی درخواستوں کومسترد کردیا۔جسٹس سنجیو کھنہ اورجسٹس دیپانکر دتہ کی بنچ نے یہ فیصلہ سنایا۔ حالانکہ عدالت نے یہ فیصلہ اٹھارہ اپریل تک محفوظ کیا تھا تاہم الیکشن کمیشن کی جانب سے بعض تکنیکی وضاحتوں کو جاننے کیلئے اس پر پھر 24اپریل کوسماعت کی گئی تھی۔ الیکشن کمیشن کے جواب کے بعد عدالت نے آج اپنا فیصلہ سنایا۔جسٹس کھنہ نے فیصلہ کے اختتام میں کہا کہ بیالٹ پیپر کے ذریعہ ووٹنگ ای وی ایم۔وی وی پیاڈ کی مکمل جانچ اوررائے دہندوں کووی وی پیاڈ سلیپ فراہم کرنے کومسترد کیا جاتا ہے۔اس دوران عدالت عظمی نے الیکشن کمیشن کو دو ہدایتیں جاری کیں۔ عدالت نے کہا کہ ای وی ایم میں انتخابی نشان لوڈ کرنے کے بعد سمبل لوڈنگ یونٹ کوسیل کردیا جائے اوراسے ایک محفوظ کنٹینر میں رکھا جائے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلہ کی رائے دہی کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج سے شروع ہوا۔ چھ ریاستوں اور دو یونین ٹریٹریز کی 49لوک سبھا سیٹوں پررائے دہی ہوگی۔ پانچویں مرحلہ کے تحت اترپردیش کے 14، مہاراشٹرا کی 13، مغربی بنگال کی 7، بہاراوراڈیشہ کی پانچ پانچ ،جھارکھنڈ کی تین اور جموں وکشمیراور لداخ کی ایک ایک سیٹ پررائے دہی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد پولیس کمشنر کے سرینوس ریڈی نے کہا کہ فون ٹیاپنگ کیس کی تحقیقات جاری ہے۔انہوں نے اس کیس کے اہم ملزم وریٹائیرڈ آئی پی ایس آفیسراورسابق ایس آئی بی چیف ٹی پربھاکرراؤ کوریڈ کارنرنوٹس جاری کرنے کی تردید کی ہے۔کمشنر نے پربھاکرراؤ کوریڈ کارنرنوٹس کے حوالے سے میڈیا میں گردش کررہی غیرمصدقہ خبروں کومسترد کردیا۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کی قیاس آرائیوں پرمبنی خبروں سے جانچ کا عمل متاثر ہوگا۔کمشنر نے کہا کہ صحیح وقت آنے پر پربھاکرراؤ کے خلاف ریڈ کارنرنوٹس جاری کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس کیس میں ملوث چار پولیس افسروں کوگرفتار کیا گیا ہےاورانہیں عدالتی تحویل میں بھیجا گیا ہے۔کمشنر کے مطابق چند پولیس افسروں کے بیانات ریکارڈ کیے گئے ہیں۔اسی دوران ایک مقامی عدالت نے فون ٹیاپنگ کیس کے تین ملزمین بھوجنگاراؤ، تروپتی انااور پرنیت راؤ کی ضمانت کی عرضی مسترد کردی۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈااس مہینہ کی 29 تاریخ کوریاست کا دورہ کریں گےاورانتخابی تشہیری مہم میں حصہ لیں گے۔بی جے پی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق جے پی نڈا کتہ گوڑم ،محبوب آباد، ملکاجگیری اورقطب اللہ پور میں عوامی جلسوں میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات نے لوگوں کومشورہ دیا کہ وہ ریاست میں گرمی کی شدید لہر کے دوران صبح گیارہ سے تین بجے سہ پہر کے درمیان اپنے گھروں سے باہر نہ نکلیں۔نلگنڈہ اور کھمم میں پینتالیس ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ بھدرادری کتہ گوڑم، محبوب آباد، سوریاپیٹ اور جئے شنکر بھوپال پلی میں درجہ حرارت میں اضافہ رہا۔ نارائن پیٹ میں سب سے کم 41.9 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

نہروز والوجیکل پارک کی جانب سے چوتھی تا دسویں جماعت کے طلبہ کیلئے 24 سے 30 جون تک سمر کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں سے صرف کوئی ایک دن طلبہ منتخب کر کے کیمپ میں شرکت کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن فیس ہر طالب علم کیلئے 1 ہزار روپے رکھی گئی ہے جس میں اسنیاک اور لنچ شامل رہیں گے۔ کیمپ کے اوقات صبح گیارہ سے شام پانچ بجے تک رہیں گے۔ اس دوران شرکاء کو زو کی تاریخ اور وہاں موجود جانوروں سے متعلق جانکاری فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ مختلف تفریحی سرگرمیاں منعقد کی جائیں گی۔ خواہشمند طلبہ فون نمبر 7799292607 پر مزید تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆